لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۸ فروری سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت تخصیص سڑک برائے گاڑیان غلہ	۱
۲	اخراج ناممنتس وغیرہ تحمل شاہ خان متوفی	۳
۳	تقرر بابو دوار کا پرشاد	
۴	بابت عطائے ملازمت وقت خلوے جگہ بہ قدیمین	
۵	رخصت صاحبزادہ سیف احمد خان	
۶	عطائے سند وکالت بہ عزیز احمد خان	
۷	رخصت رجسٹرار صدر	
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

نقل عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

علدرآمد سابقہ کی اجازت ہے۔ ذریعہ میونسپلٹی انتظام کیا جائے کاغذات صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

(دستخط)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض

جناب عالی

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے کوتوال شہر کی رپورٹ بھیجی ہے کہ گاڑیان غلہ کی

میر سامد

جنکی آمد و رفت ریلوی اسٹیشن سے متعلق ہے عموماً شہر کی سڑک پختہ چلتی ہین۔ جس سے موٹر و گھوڑہ گاڑیون کو رکاوٹ ہوتی ہے اسواسطے ضرورت ہے کہ شہر کے اندر کوئی مخصوص سڑک غلہ کی گاڑیون کے واسطے ہونا چاہیے صاحب میونسپل افسر سے دریافت کیا گیا انکی تحریر سے واضح ہے کہ جب مسٹن گنج کھولا گیا تو یہ تجویز ہوئی تھی کہ غلہ کی گاڑیان مسٹن گنج سے یا تو سرائے دروازہ کی سڑک پر سے ہوکر چکر کی سڑک پر جایا کرین یا جنوبی دروازے مسٹن گنج سے گلیون مین ہوتی ہوئی۔ سڑک چکر پر ہوتی ہوئی بجلی گھر جدید والے حصہ سڑک پر گذرتی ہوئی اسٹیشن کو جائینگی اور ایسی ہی دیہات سے جو گاڑیان آئینگی وہ چکر کی سڑک سے مسٹن گنج مین آئینگی۔ اور اس لحاظ سے چکر والی سڑک کی میونسپلٹی سے مرمت ہوئی بجلی گھر کے سامنے بانسی کاٹ کر سڑک کی توسیع کیگئی۔ کچھ عرصہ تک بحال در آمد رہا۔ اسکے بعد نہ معلوم دکانداران مسٹن گنج کی استدعا پر یا کیسطرح مسٹن گنج سے گاڑیان نواب دروازہ کی سڑک پر یعنی عنایت اللہ خان کے مکان تک جاکر جدید سڑک جادہ شور والی پر ہوکر نکلنے لگین۔ اور دیگر سڑکون پر بھی دیہاتی و غلہ کی گاڑیان نکلنے لگین۔ جسکی وجہ سے تمام سڑکین خصوصاً سڑک جدید خراب ہوگئی اور گاڑیان کی آمد و رفت کا کوئی وقت بھی نہین ہے اگر عمل در آمد سابقہ کی اجازت ہو تو میونسپلٹی ذمہ داری سے اسکا انتظام کرسکتی ہے۔ چونکہ اس بارہ مین پیشگاہ عالی سے صدور حکم کی ضرورت ہے لہذا کاغذات منسلکہ بعد عرضداشت ہذا بامید صدور حکم بحضور معلی ارسال ہین دولت و اقبال ہمیشہ بر قرار باد

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر واقع ۱۷ فروری ۱۹۱۶ء

نقول ازاد و منسلکہ مع حکم پیشگاہ معلی بنا بر اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو اور ایک نقل صاحب میونسپل سکریٹری بہادر کی خدمت مین مرسل ہو و تصریح کیجائے کہ بذریعہ تحصیلدار صاحبان محالات پٹواریون کے روزنامچہ مین یاد داشت اطلاع درج کرادیجائے اور ہر پٹواری کو ذمہ دار فرمایا جائے کہ آسامیان کو خوب فہمائش کردین۔ یہ ممانعت صرف اُن گاڑیون کے واسطے ہے جو محالات سے غلہ مسٹن گنج مین لاتی ہین۔ اور اسکی ایک ایک نقل پولیس مین بھیجیجائے۔ پولیس سے شہر کی ہر چوکی مین اسکی نقل رکھی جائے صاحب میونسپل افسر جلی خط اُردو و ناگری مین دروازہ ہای مسٹن گنج پر بھی اسکی نقول چسپان کرادین اور چنگی کے اشخاص جو دروازون پر تعینات ہین انکو بھی مطلع فرمائین کہ گاڑیان جو محالات سے آتی ہین انکو بوقت داخلہ شہر اطلاع دیدیا کرین صدر سے احکام جاری ہون

فرد راستہ آمد و رفت گاڑیان محمولہ غلہ وغیرہ اندرون مسٹن گنج

سڑک چکر ہر چہار طرف شہر تا سرائے دروازہ	سڑک اندرون شہر از دروازہ نادر دروازہ شمالی مسٹن گنج

نوٹ

جو گاڑیان محمولہ غلہ وغیرہ دیہات وغیرہ سے ہر دروازہ شہر سے سڑک چکر پر ہوتی ہوئی سرائے دروازہ والی سڑک سے دروازہ شمالی مسٹن گنج مین داخلہ ہوا کرے اسیطرح واپسی گاڑیان کیلئے مسٹن گنج سے شمالی دروازہ کو ہوا کرے اسکے علاوہ دروازہ جنوبی مسٹن گنج سے گلیون مین ہوکر مسجد پیلو والی پر نکلکر بجلی گھر جدید کی سڑک کو طے کرکے سڑک چکر پر آمد و رفت گاڑیان کی اجازت ہوتی ہے

فہرست ممانعت چلانے گاڑیان محمولہ غلہ بر سڑک ہای مندرجہ ذیل

سڑک از نواب دروازہ تا جیل دروازہ	سڑک از شاہ آباد دروازہ تا خانہ باغ دروازہ
سڑک جدید راجدوارہ از قطبخانہ تا مکان عنایت اللہ خان	سڑک بازار جدید تا مسٹن گنج
خاص سڑک از موتی مسجد تا توپخانہ	صدر دروازہ دروازہ شرقی رامپور

حکم محکمۂ عالیۂ دار الانشا اجلاس حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء

بمقدمہ اخراج لائسنس تحمل شاہ خان متوفے ولد محمد ضامن شاہ خان
ساکن رامپور محلہ گھیر قلندر خان وادخال تلوار نمبر ۵۵۵۲
و گمشدگی بندوق دونالی کارتوسی ساخت کارخانہ
ڈبلیو ڈبلیو گرینر نمبر ۔۔۔ فارغاک لندن ۔

تلوار بغرض ادخال بتوسط لفٹنٹ کرنل صاحب بہادر چیف آف دی اسٹاف سلحخانہ عام کو مرسل ہو بندوق کی نسبت ذریعہ گزٹ اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر برآمد ہوگی مال ناجائز شمار ہوگی ایک نقل حکم ہٰذا کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور سررشتہ پولیس کو اطلاع دیجائے

ملخص حکم اجلاس بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم
تقرر

۲۲ر فروری ۱۹۱۶ء

حسب استدعائے صاحب اسٹنٹ انجنیر بہادر بابو دوارکا پرشاد اوورسیر کا تقرر بعہدۂ سب انجنیر بابت بمشاہرۂ ایکسو بیس روپیہ ماہوار تنخواہ و چالیس روپیہ ماہوار ہارس الاونس من ابتدائے یکم دسمبر ۱۹۱۵ء لغایت آخر نومبر ۱۹۱۶ء امتحاناً ایک سال کے واسطے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۲ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء

مثل متعلقہ عرضی فدا حسین ولد محمد حسین سابق اردلی ہوم سکریٹری صاحب بہادر دربارۂ عطائے ملازمت شامل دیگر موقوف شدگان

اور ملازمان سرکاری میں سے جو اردلی صاحب ہوم سکریٹری بہادر سابق میں تھے اور تخفیف بر خاست ہوئے تھے سب کو جگہ ملگئی ہے صرف عرضی گذار رہگیا ہے آیندہ جگہ خالی ہوتے پر عرضی گذار کو دیجائے۔ سب جگہ نقلیں بھیجدیجائیں۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۱۹ر فروری ۱۹۱۶ء

حسب چٹھی درخواست صاحبزادہ سغیر احمد خان اہلمد متعینہ دفتر انگریزی کی رخصت مزید دو ماہ بسلسلہ انتظام سابقہ منظور کیگئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
عطائے سند وکالت

۱۹ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب ضابطہ سند وکالت درجہ اول عزیز احمد خان بی۔ اے۔ ایل ایل بی کو بوجہ باشندہ ہونے ریاست و تعلیم پانے بامداد ریاست دیگئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۴ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء

رجسٹرار صدر کی رخصت ایک ہفتہ بوضع تنخواہ منظور کیگئی ہے بالتماس

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایام رخصت رجسٹرار صدر میں مفتی صاحب دیوانی معمولی کام کرینگے فقط

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ لغایت ۲۸ فروری ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹؟ ار	۰	۹؟ ار	۱۰ ار	۹ ار	۷ ار	
نخود خالص	۱۰ ار	۰	۱۰ ار	۱۰۰۱۰ ار	۱۰ ار	۹۰ ار	
نخود کستہ آمیز	۱۰۰۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	[illegible]	۹۰ ار	
کستہ	۱۰۰۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۰۰۱۰ ار	۱۰ ار	
ماش	۷۰ ار	۰	۸ ار	۷۰ ار	۷ ار	۷۰ ار	
مونگ	۷ ار	۰	۸ ار	۷ ار	۷ ار	۷۰ ار	
مکا	۱۲ ار	۰	۱۲ ار	۱۲۰ ار	۱۳ ار	۱۳۰ ار	
جئی	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۲۰ ار	
گوجئی	۱۲ ار	۰	۹ ار	۹ ار	۸ ار	۱۰۰ ار	
عدس	۰	۰	۸ ار	۸ ار	۷ ار	۰	
ارہر	۰	۰	۱۰ ار	۸ ار	۷ ار	۰	
برنج	۶ ار	۰	۷۰ ار	۵؟ ار	۶ ار	۷ ار	
روغن زرد	۱۰ ار	۰	۳ ار	۱۰ ار	۳ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۲۰۶ ار	۰	۲۰ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۰	۳ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۰	۱۵ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	
نمک لاہوری	۰	۰	۱۳ ار	۹ ار	۹ ار	۱۳ ار	
قند سیاہ	۵۰ ار	۰	۵۰ ار	۰	۵ ار	۶ ار	
باجرہ	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور